© rasailojaraid.com

کتاب کی کتابت و طباعت اچھی ہے

---

**شرح اسماء الحسنٰی** | مصنف : قاضی محمد سلیمان منصور پوری۔

ناشر : مکتبۂ نذیریہ ۔ قینچی امر سدھو ۔ فیروز پور روڈ ۔ لاہور

صفحات : ۲۶۵ کاغذ و طباعت عمدہ

قیمت : بارہ روپے

مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں ۔ وہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں " رحمۃ للعالمین " کا ہدیۂ خلوص و عقیدت پیش کر کے شہرت دوام حاصل کر چکے ہیں ۔ قاضی صاحب جہاں ایک مستند اور بلند پایہ مؤرخ ہیں وہاں دینی تعلیمات کے پابند بھی ہیں ۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں فاضل مؤلف نے اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) اسمائے حسنٰی کی دلپذیر لیکن عام فہم تشریح کی ہے ۔ اور ہر اسمِ مقدس کا انسانی سیرت و کردار پر جو اثر مرتب ہوتا ہے اور جن برکات کا پیکر ہوتا ہے اُن کا بیان بھی نہایت ہی عمدہ پیرایہ میں کیا ہے ۔ مسلمانوں کی عظیم اکثریت اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی کا وِرد کرتی ہے لیکن اُن میں سے بہت ہی قلیل تعداد ان اسماء الحسنٰی کے مفہوم و معانی اور ان کے تقاضوں کا شعور رکھتی ہے ۔ شرح اسماء الحسنٰی کا مطالعہ ان سعید روحوں کے لیے جو اللہ تعالیٰ کے مقدس ناموں کو وردِ زبان رکھتی ہیں ، بہت مفید ثابت ہوگا ۔ ان اسمائے گرامی کی حقیقی عظمت کا نشان ان کے دل پر نقش ہوگا اور حقیقی روحانی لذت سے بہرہ ور کرے گا ۔

کتابت و طباعت نہایت عمدہ ہے اور قیمت بھی مناسب ہے ۔

---

© rasailojaraid.com